# دفتر برائے تعلقات عامہ و میڈیا کوآرڈی نیشن

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

# نئی دہلی

# پریس ریلیز

8/اپریل/2019

این آئی آر ایف میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کی 12 ویں رینک برقرار

نئی دہلی: جامعہ ملیہ اسلامیہ ملک کی یونیورسٹیوں میں اس سال کی درجہ بندی میں بارہویں نمبر پر رہی جبکہ، مجموعی رینکنگ میں 19 ویں نمبر رہی۔صدر جمہوریہ ہند رام ناتھ کووند نے وگیان بھون میں آج جاری قومی درجہ بندی برائے تعلیمی ادارہ جات (این آئی آر ایف) کی رپورٹ جاری کی۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے لئے یہ خوشی کی بات ہے کہ اس نے ملک کی 1479 یونیورسٹیوں میں اپنی ایک نمایاں شناخت بنانے میں کامیابی حاسل کی ہے۔۔

شعبہ قانون اور فیکلٹی آف آرکیٹیچکر اینڈ اکسٹکس آٹھویں نمبر پر رہی جبکہ فیکلٹی آف انجینئرنگ کو انجینئرنگ کالجز میں 27 وں مقام ملا۔اسی طرح فیکلٹی آف مینیجمنٹ کو 34 واں رینک ملا۔

یونیورسٹی کے قائم مقام وائس چانسلر پروفیسر شاہد ارف نے جامعہ کی رینکنگ برقرار رہنے اور اس کے شعبہ قانون، فن تعمیر اور مینجمنٹ کی درجہ بندی میں بہتری پر خوشی کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ یہ اساتذہ اور طلبار کے حوصلہ میں اضافہ کا سبب بنے گی، اگلے سال بہتر کارکردگی کے لئے ہم مزید محنت کریں گے۔

احمد عظیم

عوامی تعلقات افسر اور میڈیا کوآرڈینیٹر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی